# زبان دانی

۱ اسلامی سال کے بارہ مہینوں کے نام لکھیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ محرم | ۲ صفر | ۳ ربیع الاول | ۴ ربیع الثانی |
| ۵ جمادی الاول | ۶ جمادی الثانی | ۷ رجب | ۸ شعبان |
| ۹ رمضان | ۱۰ شوال | ۱۱ ذی القعد | ۱۲ ذی الحجہ |

۲ نیچے دیئے گئے الفاظ پڑھیے۔ آپ کو ہر گروہ میں لکھے گئے الفاظ میں ایک ربط یعنی تعلق محسوس ہو گا۔ پڑھیے، سمجھیے اور ہر گروہ میں مزید دو رابطہ الفاظ خود سے شامل کیجیے۔

(i) حج ۔ سعی ۔ احرام ۔ قربانی عرفات منیٰ

(ii) عطارد ۔ زُہرہ ۔ زمین ۔ مریخ مشتری زُحل

(iii) زردہ ۔ کھیر ۔ گجریلا ۔ حلوہ فرنی مُتنجن

(iv) وقت ۔ دَور ۔ زمانہ ۔ عرصہ مُدت دورانیہ/سال/برس

۳ درست لفظ چُن کر جُملے مکمل کیجیے۔

پچھتر واں ۔ پانچواں ۔ دسویں ۔ بارہویں ۔ چودہویں ۔ دوسرے

(i) عید الفطر اسلامی سال کے دسویں مہینے کی یکم تاریخ کو منائی جاتی ہے۔

(ii) چودہویں کے چاند کو قمر کہا جاتا ہے۔

(iii) ۲۰۲۳ میں پاکستان کا پچھترواں یومِ آزادی منایا گیا۔

(iv) حج اسلام کا پانچواں رُکن ہے۔

(v) عید الاضحیٰ اسلامی سال کے بارہویں مہینے میں آتی ہے۔

(vi) مدینہ منورہ ہجرت کے دوسرے سال مسلمانوں پر روزے فرض کئے گئے۔